آپ کے مصنوعی عضو کی دیکھ بھال اور مرمت

(Care and Maintenance of Your Prosthesis – URDU)

WestMARC [ویسٹ مارک]

ویسٹ آف اسکاٹ لینڈ موبلٹی اینڈ ریہبلیٹیشن سینٹر

کوئین الزبتھ یونیورسٹی ہاسپیٹل

1345 گواہن روڈ

گلاسگو G51 4TF

تعارف

یہ کتابچہ آپ کو آپ کے مصنوعی عضو کی دیکھ بھال اور مرمت کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے اور تجویز کرتا ہے کہ اگر آپ کو کوئی مسئلہ درپیش ہو تو کیا کریں۔ یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے مصنوعی عضو کی دیکھ بھال کریں اور اس کو اس کے مطلوبہ مقصد کے لیے استعمال کریں۔

براہ کرم آگاہ رہیں کہ آپ کا مصنوعی عضو آپ کے استعمال کے لیے این ایچ ایس نے فراہم کیا ہے اور اس کو کسی بھی طرح سے ایڈجسٹ یا تبدیل نہیں کیا جانا چاہیے۔ آپ کا مصنوعی عضو این ایچ ایس کی ملکیت رہے گا لہذا اگر ایڈجسٹمنٹ کی ضرورت ہو تو یہ کام این ایچ ایس کے مستند مصنوعی اعضاء کے ماہر ہی کے ذریعے ہی انجام دیا جانا چاہیے۔

آپ کے مصنوعی عضو کی دیکھ بھال اور مرمت

آپ کا مصنوعی عضو عام طور پر کئی اجزاء کے ایک ساتھ جڑے ہوئے حصوں پر مشمل ہوتا ہے اور بعض اوقات اسے فوم اور نائلون کی جرابوں سے ڈھانپا جاتا ہے۔ آپ کی جلد کے ساتھ براہ راست رابطے کا حصہ ساکٹ ہوتی ہے لہذا یہ ضروری ہے کہ آپ اس کو صاف رکھیں۔ آپ کو باقاعدگی سے ساکٹ کو اندر سے صابن والے کپڑے سے صاف کرنا چاہیے اور پھر دھو کر خشک کریں۔

اگر آپ یہ کریں:

- ساکٹ کے اندر فوم کے اندرونی استَر کو باقاعدگی سے صابن والے کپڑے سے صاف کرنا چاہیے اور پھر اس کو دھو کر خشک کریں۔
- آپ کو ایک سلیکون یا جیل استَر اندر سے باہر کی طرف کرنا چاہئے، اسے دھونا اور خشک کرنا چاہئے اور پھر اس کو سٹوریج کے لئے صحیح طریقے سے باہر نکالنا چاہئے (براہ کرم لیفلیٹ ملاحظہ فرمائیں اپنے استَر کی دیکھ بھال کرنا)۔
- اگر آپ کا عضو کاسمیٹک جرابوں سے ڈھکا ہوا ہو تو آپ انہیں ہٹا سکتے ہیں اور معمول کے مطابق دھو سکتے ہیں۔

آپ کو ہلکے صابن یا کلینزر کا استعمال کرنا چاہئے کیونکہ کچھ لوگوں کی جلد پر خوشبو والی مصنوعات کا رد عمل ہو سکتا ہے۔

آپ کو باقاعدگی سے اپنے مصنوعی عضو کو چیک کرنا چاہیے اور اپنے عضو کے فٹنگ سینٹر سے رابطہ کرنا چاہیے اگر:

- کوئی ڈھیلے ڈھالے یا خراب حصے ہوں۔
- استعمال کے دوران غیر متوقع آواز۔
- اگر آپ کو لگتا ہو کہ آپ کا مصنوعی عضو ڈھیلا ہے اور گرنے کا امکان ہے۔
- اگر آپ کو متبادل ملحقات کی ضرورت ہو۔
- اگر آپ کا وزن نمایاں طور پر زیادہ یا کم ہوتا ہے۔

ملحقات

اگر ضرورت پیش آئی تو ہم آپ کو ملحقات فراہم کریں گے مثلاً اسٹمپ موزے، کاسمیٹک جرابیں، سسپنشن آستینیں یا بیلٹس۔

براہ کرم ان ملحقات کا خیال رکھیں اور انہیں صاف رکھیں۔

آپ کو اپنے زیر جامہ کی طری اپنی اسٹمپ جرابوں کو دھونا چاہئے اور انہیں ہر روز تبدیل کرنا چاہیے۔

مرمت، جائزے اور اپائنٹمنٹس

اگر آپ کے مصنوعی عضو کی مرمت یا جائزہ لینے کی ضرورت ہو تو براہ کرم مسئلہ کی تفصیلات فراہم کرتے ہوئے جلد از جلد اپنے عضو کے فٹنگ سینٹر سے رابطہ کریں۔ اس سے ہمیں مرمت یا جائزہ لینے کے لیے آنے سے قبل کوئی بھی پرزہ آرڈر کرنے اور آپ کی تکلیف کو کم کرنے میں مدد ملے گی۔

رابطے کی تفصیلات

WestMARC [ویسٹ مارک]

کھلنے کے اوقات: سوموار تا جمعه - صبح کے8:30 بجے تا شام کے 4:30 بجے تک

ٹیلیفون: 0300 790 0129
(سوموار تا جمعه: صبح کے 8:45 بجے تا شام کے 4:15 بجے تک)۔
اگر فون لائنز مصروف ہوں تو آنسر فون دستیاب ہے۔

ویب سائیٹ:
www.nhsggc.org.uk/your-health/health-services/westmarc

ای میل: westmarc@ggc.scot.nhs.uk

ایر ہاسپیٹل (سیٹلائٹ آف WestMARC)

یونیورسٹی ہاسپیٹل ایر فزیوتھراپی
ڈیپارٹمنٹ ڈیلملینگٹن روڈ
ایر
KA6 6DX

ٹیلیفون: فزیوتھراپی کے بارے میں مشورے یا اسٹمپ جرابوں کے لیے 555 610 01292

(کلینک اپائنٹمنٹس یا دیگر ملحقات کی درخواست کرنے کے لیے ویسٹ مارک کا یہ نمبر 0300 790 0129 استعمال کریں)